© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعة والجماعة

## بیت الزکوۃ کویت کے مدیر شیخ خالد الجری کی جامعہ آمد پران کا والہانہ استقبال

### اوران کے اعزاز میں پُروقار تقریب

مورخہ 29 اپریل بروز اتوار بیت الزکوۃ کویت کے مدیر الشیخ خالد الجری جامعہ میں تشریف لائے۔ان کے ہمراہ الشیخ انور علی بھی تھے۔معزز مہمان کا جی ٹی ایس چوک پہنچنے پر رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب اُمیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کی عدم موجودگی میں نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، حافظ عمر عبدالحمید اور حفیظ اللہ بٹ نے پُرتپاک استقبال کیا۔جامعہ پہنچنے پر اساتذہ وطلبہ، انجمن اہل حدیث، یوتھ فورس اور سٹوڈنٹس فیڈریشن کے کارکنان نے نعروں کی گونج میں معزز مہمان کا استقبال کیا اور پھول نچھاور کیے۔ بعدازاں جامعہ کے خوبصورت سبزہ زار میں عظیم الشان تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض جامعہ کے مدیر التعلیم حافظ محمد عبداللہ نے سرانجام دیئے۔نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے سپاسنامہ پیش کیا اور معزز مہمانوں کی آمد پران کا شکریہ ادا کیا۔آخر میں بیت الزکوۃ کویت کے مدیر الشیخ خالد الجری نے خطاب کیا۔ اسٹیج پر نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)، حافظ عمر عبدالحمید (فاضل مدینہ یونیورسٹی) اور حفیظ اللہ بٹ موجود تھے۔اس پروگرام میں کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## جامع مسجد ابوبکر اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں سیرت ساقی کوثر ﷺ کانفرنس

مورخہ 11 اپریل بروز بدھ جامع مسجد ابوبکر اہل حدیث ڈھوک جمعہ میں عظیم الشان ساقی کوثر ﷺ کانفرنس زیر صدارت نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی) منعقد ہوئی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا خرم شہزاد خطیب مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔کانفرنس کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔حمد ونعت شاعر اسلام قاری عبدالوہاب صدیقی، عثمان کیانی اور انیس ادریس نے پیش کی۔کانفرنس سے مولانا محمد اصغر، مولانا قطب شاہ، حافظ عبدالغفور مدنی، مولانا عبدالستار عاصم (خطیب برطانیہ) اور مولانا حافظ حبیب الرحمٰن حبیب ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ نے خطاب کیا۔آخر میں شرکاء کی ضیافت کی گئی۔



© rasailojaraid.com